© rasailojaraid.com

# نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور تفسیرِ قرآن

حافظ عبداللہ ☆

اللہ تعالیٰ نے نوعِ انسانی کی ہدایت و رہنمائی کے لیے اپنی آخری کتاب قرآنِ حکیم نازل فرمائی جو الٰہی ہدایات واحکامات کا مجموعہ ہے۔ جہاں قرآن حکیم کے الفاظ منزل من اللہ ہیں کیونکہ الٰہی حقائق و معانی کو جن کے الفاظِ قرآنی حامل ہیں انسان کی زبان بیان کرنے سے قاصر ہے وہاں معانی قرآن ومرادِ الٰہی جو الفاظِ قرآن میں پنہاں ہے، کی تبیین و وضاحت کے لیے شخصیت بھی مبعوث من اللہ ہے۔ کیونکہ مبعوث من اللہ شخصیت کی رہنمائی و ہدایت اور تبیین و وضاحت کے بغیر انسانی عقل و ذہن کا منزل من اللہ الفاظ سے مراداتِ الٰہی تک پہنچنا ناممکن ہے اس لیے اگر قرآن کتاب اللہ منزل من اللہ ہے تو محمد رسول اللہ مبعوث من اللہ ہیں۔

اللہ تعالیٰ کی جانب سے جہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذمہ داری الفاظِ قرآنی کی تلاوت وابلاغ ہے وہاں معانی قرآن وحقائقِ الٰہی کی تعلیم وتبیین بھی ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿هو الذی بعث فی الا میین رسولا منهم یتلوا علیهم ایته و یزکیهم و یعلمهم الکتاب والحکمة وان کانو ا من قبل لفی ضلال مبین﴾(۱)

---

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شیخ زاید اسلامک سینٹر، جامعہ پنجاب، لاہور

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اللہ تعالیٰ ہی نے آپ کے سپرد کتاب اللہ کی تبیین وتشریح اور تفسیر وتبلیغ کا فریضہ بھی کیا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وانزلنا الیک الذکر لتبین للناس ما نزل الیھم﴾(۲)

﴿إنا انزلنا الیک الکتاب بالحق لتحکم بین النا س بمارك الله﴾(۳)

﴿یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک﴾(۴)

ان آیات سے معلوم ہوا کہ آپ قرآن حکیم کے مفسر وشارح، مبین ومبلغ من جانب اللہ ہیں۔

لہٰذا آپ کی بیان کردہ تفسیر وتشریح کو الٰہی تائید حاصل ہے اور آپ کے بیان کردہ، الفاظِ قرآن کے معانی و مطالب ہی الٰہی مرادات ہیں۔ اس لیے مسلمانوں پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی اور تعمیل حکم ہر اس چیز میں فرض کی گئی ہے جس کا آپ حکم دیں یا جس سے آپ منع فرمائیں۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ما اتا کم الرسول فخذو ہ وما نھکم عنه فا نتھوا﴾(۵)

قرآنِ حکیم کی بہت سی آیات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کو الٰہی اطاعت کے ساتھ ذکر فرمایا گیا۔ ارشاد ہے:

﴿واطیعوا الله والرسول لعلکم ترحمون﴾(۶)

یہاں تک کہ اللہ جل شانہ نے رسول کی اطاعت کو اپنی اطاعت اور رسول کی پیروی واتباع کو اپنی محبت کا سبب قرار دیا ہے۔ ارشاد ہے:

﴿من یطع الرسول فقد اطاع الله﴾(۷)

﴿قل ان کنتم تحبون الله فا تبعونی یحببکم الله ویغفرلکم ذنوبکم﴾(۸)

اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت سے بے حد ڈرایا ہے اور اس بات کی طرف بھی اشارہ فرمایا ہے کہ آپ کی مخالفت کفر ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿فليحذر الذی يخالفون عن امره ان تصيبهم فتنة أو
يصيبهم عذاب اليم﴾(۹)

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿قل اطيعوا الله و اطيعوا الرسول فان تولوا فان الله لا
يحب الكافرين﴾(۱۰)

اور آپ کے حکم و فیصلہ سے سرتابی و روگردانی کو ایمان کے منافی قرار دیا ہے اور کسی مومن کو مومن ہوتے ہوئے اس بات کی اجازت نہیں ہے کہ دل میں بھی تنگی محسوس کرے۔ ارشاد ہے:

﴿فلا وربک لا يومنون حتی يحكموك فيما شجر بينهم
ثم لايجدوا فی انفسهم حرجا مما قضيت و يسلموا
تسليما﴾(۱۱)

فرمایا:

﴿وما كان لمومن ولا مؤمنة اذا قضی الله ورسوله امراً
ان يكون لهم الخيرة من امرهم ومن يعص الله
ورسوله فقد ضل ضلا لاً مبينا﴾(۱۲)

آپ کی اطاعت واتباع کو فرض اور محبت الٰہی کا سبب اور آپ کے حکم و فیصلہ سے سرتابی و روگردانی کو ایمان کے منافی اور کفر قرار دیا اس لیے کہ آپ سراپا قرآنِ کریم کی تفسیر و تبیین اور تشریح و توضیح ہیں۔

تفسیر و تبیین اور شرح و تبلیغ کی صورت یہ تھی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے قول سے یا فعل سے یا دونوں سے، یا تقریر یعنی مروجہ طریقوں کی تائید یا سکوت فرما کر انہیں قائم و برقرار رکھنے سے قرآنِ حکیم کے مطالب و مقاصد کی وضاحت فرماتے تھے۔ علامہ شاطبی ''الموافقات'' میں تحریر فرماتے ہیں:

''ان النبی صلی الله عليه وسلم كا ن مبينا بقوله و فعله و
اقراره، لما كان مكلفا بذلک فی قوله تعالیٰ: (وانزلنا اليک

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الذکر لتبين للناس ما نزل اليهم)(۱۳)

اسی لیے قرآنِ حکیم کی نبوی تفسیر وتشریح کا اصطلاحی نام حدیث وسنت ہے۔

علماءِ اصول کی اصطلاح میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، فعل اور تقریر کو سنت کہتے ہیں۔

حنفی اصولِ فقہ کی قدیم ترین مطبوعہ کتاب ''الفصول فی الاصول'' میں علامہ ابوبکر جصاص فرماتے ہیں:

''سنة النبي عليه السلام: ما فعله، أو قاله، ليقتدى به فيه، و يداوم عليه و هو مأخوذ من سنن الطريق، و هي جادته التي يكون المرور فيها و سنن رسول الله على وجهين: قول و فعل''(۱۴)

آگے فرماتے ہیں:

''والفعل ضربان: أحدهما: فعل يفعله في نفسه، و يدلنا على حكمه، على الوجوه التي ذكرنا، لنفعله على الوجه الذي فعله والثاني: تركه النكير على فاعل يراه يفعل فعلا على وجه، فيكون تركه النكير عليه بمنزلة القول منه، في تجويز فعله على ذلك الوجه، فإن رآه يفعله على جهة الوجوب فأقره عليه كان واجباً، وان كان رآه يفعله على جهة الندب فأقره عليه كان ندبا، وكذلك الإباحة على هذا، و ذلك لأنه لا يجوز من أن يقر أحدا على خلاف حكم الله تعالىٰ، لأن الله تعالىٰ إنما بعثه داعيا إليه، و آمرا بالمعروف، و ناهيا عن المنكر''(۱۵)

علامہ ابوبکر جصاص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول اور ان کے فعل کو سنت کہا ہے اور پھر فعل کی دو اقسام بیان فرمائی ہیں۔ قسم اول ایسا فعل جو ذات رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم سے بذاتِ خود صادر ہوا اور قسم ثانی وہ فعل جو کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کیا اور آپ نے اسے برقرار رکھا اور اس پر نکیر نہیں فرمائی اور اس کو اصطلاحاً ''تقریر'' کہا جاتا ہے۔

علامہ جصاص نے سنت کی تین اقسام قول، فعل اور تقریر بیان کرنے ساتھ ہی ''تقریر'' کے سنت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہونے کی دلیل بھی بیان فرمادی۔

و ذلک لأنه لا یجوز منه أن یقر أحدا علی خلاف حکم الله تعالیٰ ، لأن الله تعلیٰ إنما بعثه داعیا إلیه، و آمرا با لمعروف ، و ناهیا عن المنکر"(۱۶)

یعنی آپ کے لیے من جانب اللہ یہ بات جائز نہیں کہ کوئی کام اللہ تعالیٰ کے حکم کے خلاف دیکھیں اور پھر اس کو برقرار رکھیں اس لیے کہ آپ اللہ تعالیٰ کی طرف سے داعی بنا کر مبعوث فرمائے گئے ہیں آپ معروف کا حکم کرنے والے اور منکر سے روکنے والے ہیں لہٰذا آپ کا کسی فعل کو برقرار رکھنا اس کے معروف ہونے کی دلیل ہے۔علامہ ابن حزم فرماتے ہیں:

"السنن تنقسم ثلاثة أقسام: قول من النبی صلی الله علیه وسلم أو فعل منه علیه السلام ، أو شیء رآه وعلمه فأقر علیه ولم ینکره"(۱۷)

علامہ آمدیؒ فرماتے ہیں:

"و هی فی اللغة عبارة عن الطریقة ، فسنة کل احد ما عهدت منه المحافظة علیه ، وا لاکثار منه ، کان ذلک من الأمور الحمیدة أو غیر ها۔
و أما فی الشرع ، فقد تطلق علی ما کان من العبادات نافلة منقولة عن النبی علیه السلام ۔وقد تطلق علی ما صدر عن الرسول من الا دلة الشرعیه مما لیس بمتلو، ولا هو معجز، ولا داخل فی المعجز ، و هذا النوع هو المقصود بالبیان ههنا ۔و یدخل فی ذلک أقوال النبی علیه السلام ، و أفعاله و تقاریره"(۱۸)

علامہ تفتازانیؒ فرماتے ہیں:

"في اللغة الطریقة والعادة ، و في الاصطلاح في العبادات النافلة و في الا دلة و هو المراد ههنا ما صدر عن النبی علیه السلام غیر القرآن من قول و یسمی الحدیث أو فعل أو تقریر"(۱۹)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



سب کا حاصل یہی ہے کہ علماءِ اصول کی اصطلاح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول، فعل اور تقریر کو سنت کہا جاتا ہے۔

علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآن اور سنت دونوں اللہ تعالیٰ کی جانب سے نازل شدہ وحی ہیں۔لیکن چونکہ قرآن وحی ہونے کے ساتھ اعجازی شان کا حامل بھی ہے۔اس کے الفاظ بھی من جانب اللہ ہیں۔اس بناء پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شروع ہی سے اس کی کتابت کا اہتمام فرمایا۔اعجاز کے ساتھ اس کے الفاظ میں شانِ تعبد بھی ہے اس لیے اس کو اصطلاحاً وحی متلو کا نام دیا گیا۔یعنی اس کے الفاظ کی تلاوت کی جاتی ہے۔چونکہ الفاظِ قرآنی کی تلاوت عبادت اور موجب قربِ الٰہی ہے۔اس کے برخلاف سنت معجزہ نہ تھی اس کے الفاظ نہیں بلکہ معانی ومطالب آپ پر نازل ہوتے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو اپنے لفظوں میں ادا فرماتے تھے اور یہ الفاظ بھی حسبِ ضرورت مختلف ہوتے تھے کیونکہ آپ کو مختلف طبائع اور مذاق کے حامل لوگوں کو تعلیم دینا پڑتی تھی اس لیے اس کے لفظوں کی بعینہ تلاوت کا حکم نہ تھا اسی لیے اصطلاحاً اس کو وحی غیر متلو کا نام دیا گیا۔

علامہ ابن حزم اندلسیؒ فرماتے ہیں:

''أن الوحی ینقسم من الله عز و جل إلی رسوله صلی الله علیه وسلم علی قسمین: أحدهما : وحی متلو مؤلف تألیفا معجز النظام و هو القرآن ، والثانی : وحی مروی منقول غیر منولف ولا معجز النظام ولا متلو لکنه مقروء ، وهوالخبر الوارد عن رسول الله صلی الله علیه وسلم و هو المبین عن عزوجل مراده منا''(۲۰)

علامہ ابن حزم نے جہاں وحی متلو اور وحی غیر متلو کا فرق بتایا وہاں یہ بات بھی بیان فرمادی کہ وحی غیر متلو، وحی متلو یعنی قرآن کریم کا بیان ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من جانب اللہ مراداتِ الٰہی جو الفاظِ قرآن میں پنہاں ہیں کے مبین ہیں اور دلیل کے طور پر سورۃ النحل کی آیت ﴿لتبین للناس ما نزل الیهم﴾(۲۱) نقل فرمائی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



امام غزالیؒ فرماتے ہیں:

’’وقول رسول الله صلى الله عليه وسلم حجة ، لد لا لة المعجزة على صدقه ولأ مرالله تعالىٰ إيا نا با تباعه ، ولأنه لا ينطق عن الهوىٰ إن هو إلا وحي يوحىٰ. لكن بعض الوحي يتلى فيسمى كتابا و بعضه لا يتلى وهوالسنة‘‘(۲۲)

امام غزالیؒ نے بھی علامہ ابن حزمؒ کی طرح قرآن اور سنت کو مبنی بر وحی بتایا ہے اور پھر دونوں کے درمیان متلو اور غیر متلو کے ذریعہ فرق کیا ہے۔

امام شافعیؒ نے ان سے بھی بہت پہلے اصول فقہ کی پہلی مطبوعہ کتاب ’’الرسالۃ‘‘ میں اس بات کی وضاحت فرمادی کہ سنت تمام کی تمام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر من جانب اللہ وحی کی صورت میں القا ہوئی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

’’القى فى روعه عن الله ، فكان ما القى فى روعه سننته ‘‘(۲۳)

امام شافعیؒ اس کے بعد فرماتے ہیں وحی سنت کی صورت میں ہو یا کتاب کی صورت میں، دونوں اللہ تعالیٰ کی نعمت ہیں یہ اگر چہ اپنی خصوصی شکل میں ایک دوسرے سے علیحدہ علیحدہ نظر آتی ہیں لیکن نعمت کے لفظ میں جمع ہو جاتی ہیں۔ فرماتے ہیں:

’’فكان مما ألقى فى روعه سننته ، و هى الحكمة التى ذكر الله ، وما نزل به عليه كتاب فهو كتاب الله، وكل جاء ه من نعم الله كما أراد الله ،و كما جاء ته النعم ، تجمعها النعمة ، و تتفرق بأنها فى أمور بعضهاغير بعض ، و نسال الله العصمة و التوفيق ‘‘(۲۴)

علامہ جلال الدین سیوطیؒ نے ’’الاتقان فی علوم القرآن‘‘ میں علامہ جوینیؒ سے قرآن وسنت کے درمیان یہی فرق ایک اور انداز سے نقل فرمایا ہے:

’’كلام الله المنزل قسمان: قسم قال الله لجبريل : قل للنبي الذى أنت مرسل إليه : إن الله يقول : افعل كذا وكذا ، و أمر بكذا و كذا، ففهم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جبريل ما قاله ربه، ثم نزل على ذلك النبي و قال له ما قال ربه، ولم تكن العُبارة تلك العبارة ، كما يقول الملك لمن يثق به: قل لفلان : يقول لك الملك: اجتهد في الخدمة ، واجمع جندك للقتال ـ فإن قال الرسول : يقول الملك لا تتهاون في خدمتي ولا تترك الجند تتفرق ، و حثهم على المقاتلة ، لا ينسب إلى كذب و لا تقصير في أداء الرسالة۔

وقسم آخر قال الله لجبريل : اقرأ على النبي هذا الكتاب ، فنزل جبريل بكلمة من الله من غير تغيير ۔ كما يكتب الملك كتابا و يسلمه إلى أمين ، ويقول : اقرأه على فلان ، فهو لا يغير منه كلمة ولا حرفا''(۲۵)

اس کے بعد علامہ سیوطیؒ فرماتے ہیں:

''قلت: القرآن هو القسم الثاني، و القسم الأول هو السنة ، كما ورد أن جبريل كان ينزل بالسنة كما ينزل بالقرآن ۔ ومن هنا جاز رواية السنة بالمعنى ، لأن جبريل أداه بالمعنى ولم تجز القراءة بالمعنى ، لأن جبريل أداه با للفظ ، ولم يبح له إيحاء ه بالمعنى''(۲٦)

دوسرے لفظوں میں قرآن وسنت میں وہی فرق ہے جو اردو زبان میں نامہ اور پیام میں ہوتا ہے۔ گویا قرآن یعنی نامہ اپنے الفاظ و معانی دونوں کے اعتبار سے معجزہ ہے سنت معجزہ نہیں ہے قرآن میں ایک لفظ بلکہ ایک حرف کا بھی تغیر و تبدل جائز نہیں ہے لیکن سنت یعنی پیام روایت بالمعنی ہے یعنی اصل مطالب اللہ تعالیٰ کی جانب سے ہیں اور الفاظ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہیں۔

اس کے بعد علامہ سیوطیؒ قرآن وسنت کے درمیان اسی فرق کی حکمت بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''والسر في ذلك : أن المقصود منه التعبد بلفظه والإعجاز به ، فلا يقدر أحد أن يأتي بلفظ يقوم مقامه ۔ وأن تحت كل حرف منه معاني لا يحاط بها كثرة ، فلا يقدر أحد أن ياتي بدله بما يشتمل عليه ۔ والتخفيف

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علی الأمة حيث جعل المنزل إليهم على قسمين: قسم يروونه بلفظه الموحى به، وقسم يروونه بالمعنى،ولو جعل كله مما يروى باللفظ لشق ، أو بالمعنى لم يؤمن التبديل و التحريف ، فتأمل‘‘(۲۷)

اس کے بعد امام جوینیؒ کے نظریہ کی تائید میں فرماتے ہیں:

’’وقدرأيت عن السلف ما يعضد كلام الجويني‘‘(۲۸)

علامہ بزدویؒ نے اپنی کتاب’’کنزل الوصول الی معرفة الا صول‘‘کے باب ’’تقسیم السنۃ‘‘ میں وحی کی اقسام پر بڑی جامع اور مدلل بحث کی ہے۔چنانچہ فرماتے ہیں:

’’والوحي نوعان ظاهر وباطن اما الظاهر فثلاثة اقسام ما ثبت بلسان الملك فوقع فى سمعه بعد علمه بالمبلغ بآ ية قاطعة و هو الذى انزل عليه بلسان الروح الامين عليه السلام والثانى ما ثبت عنده ووضح له باشارة الملك من غير بيان بالكلا م كما قال النبى صلى الله عليه وسلم ان روح القدس نفث فى روعى ان نفسا لن تموت حتى تستكمل رزقها الا فاتقوا الله واجملوا فى الطلب والثالث ما تبدى لقلبه بلا شبهة ولا مزاحم ولا معارض بالهام من الله تعالىٰ با ن اراه بنور عنده كما قال جل و علا لتحكم بين الناس بما اراك الله فهذا وحى ظاهر كله مقرون بما هو ابتلاء اعنى به الابتلاء فى درك حقيته بالتأمل و انما اختلف طريق الظهور و هذا من خواص النبى صلى الله عليه وسلم حتى كان حجة بالغة و انما يكرم غيره بشىء منها لحقه على مثال كرامات الا ولياء و اما الوحى الباطن فهو ما ينال با جتها د الرأى بالتامل فى الاحكام المنصوصة‘‘(۲۹)

علامہ بزدویؒ نے مذکورہ عبارت میں وضاحت فرمادی کہ وحی ظاھر کی تین اقسام ہیں جس میں پہلی قسم وہ ہے جو فرشتہ کی زبانی پہنچے یعنی جبریل علیہ السلام کی زبانی آپ کے کانوں میں پہنچے اور آپ جانتے ہوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



پہنچانے والے کو کہ حضرت جبریل علیہ السلام ہی ہیں اور قطعی دلیل سے کہ اللہ تعالیٰ نے روح الامین کی زبانی نازل فرمائی ہے اور اس میں کسی قسم کا شک اور تردد نہیں ہوتا۔ وحی ظاہر کی دوسری قسم وہ ہے کہ جو آپ کے پاس زبانی کلام کے بغیر بذریعہ اشارہ فرشتہ پہنچے جیسا کہ مثال بیان کی گئی ہے اور وحی ظاہر کی تیسری قسم وہ ہے جو بطور الہام کے اللہ کی طرف سے آپ کے دل میں القا ہو یعنی اللہ تعالیٰ اپنے نور سے جو بات آپ کے دل میں منکشف فرمائے۔

وحی کی ان اقسام میں سے نزولِ قرآن کے لیے جو صورت اختیار کی گئی ہے وہ بواسطہ فرشتہ ہے۔ جیسے قرآن کریم میں ارشاد باری ہے:

﴿انه لقول رسول كريم﴾(۳۰)

﴿قل نزله روح القدس﴾(۳۱)

﴿نزل به الروح الامين على قلبك﴾(۳۲)

اور اس مضمون کی متعدد آیات ہیں جن میں اللہ تعالیٰ نے وضاحت کے ساتھ بیان فرمایا ہے کہ قرآن کریم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر حضرت جبریل امین کے ذریعہ نازل کیا گیا۔ خود قرآن کریم نے نزولِ وحی کی جن تین صورتوں کا ذکر کیا ہے قرآن کا نزول ان میں سے تیسری صورت میں ہوا۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ وما كان لبشر أن يكلمه الله الا وحياً أومن وراىء حجاب

أو يرسل رسولاً فيوحى با ذنه ما يشاء انه علي حكيم﴾(۳۳)

آیت مذکورہ میں پہلی صورت ''وحی''، دوسری ''من وراء حجاب'' اور تیسری صورت ''يرسل رسولا فيوحى باذنه'' بیان کی گئی ہے۔

نزولِ قرآن کے لیے یہی تیسری صورت اختیار کی گئی ہے جسے علامہ بزدویؒ نے وحی ظاہر کی پہلی صورت بتایا ہے۔

علامہ سرخسیؒ نے بھی یہی بات زیادہ وضاحت کے ساتھ فرمائی ہے۔ فرماتے ہیں:

''والوحي نوعان: ظاهر وباطن۔ فا لظاهر منه قسمان : [أحدهما]ما

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



یـكون على لسان الـملك بما يقع في سمعه بعد علمه بالـمبلغ بأنه قاطعة ، و هـوالـمراد بـقـولـه تعالىٰ: (قل نزله روح القدس من ربك بالحق) وبقوله تعالىٰ (انه لقول رسول كريم)''(۳۴)

اب جہاں تک علامہ بزدویؒ کی بیان کردہ وحی ظاہر کی دوسری اور تیسری قسم کا تعلق ہے تو یہ نزولِ قرآن سے متعلق تو نہیں ہوسکتی کیونکہ قرآن ایک تو فرشتہ کی وساطت سے نازل ہوا دوسرا فرشتہ الفاظ پڑھتا تھا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اتباع کا حکم تھا جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿لا تحرك به لسانك لتعجل به ان علينا جمعه و قرانه فاذاقرأنه فاتبع قرانه﴾(۳۵)

وحی ظاہر کی ان دوصورتوں کے ذریعہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر جو کچھ نازل کیا گیا وہ سنت ہی ہے۔ سورۃ الشوریٰ کی مذکورہ آیت میں اسی کو ''اِلّا وحياً'' کہا گیا۔

علامہ عبدالعزیز بخاریؒ نے ''کشف الاسرار'' میں علامہ بزدویؒ کی مذکورہ عبارت کی شرح فرماتے ہوئے سورۃ الشوریٰ کی یہی آیت نقل فرمائی ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

''والثالث : ما تبدى أى ظهر لقلبه يعنى من الحق بلا شبهة و قـولـه بلا معارض ولا مزاحم تاكيد و الإلهام من أقسام والوحى بدليل قوله تـعالىٰ : (وما كان لبشر أن يكلمه الله إلا وحيا) ''(۳۶)أى بطريق الإلهام و هو القذف في القلب كما قذف في قلب أم موسى عليه السلام إلا أن النبى لما عرف قطعا أنه من الله تعالىٰ كان ذلك حجة قاطعة''(۳۷)

علامہ سرخسیؒ نے وحی ظاہر کی دو اقسام بیان فرمائی ہیں علامہ بزدویؒ کی بیان کردہ دوسری قسم کو علامہ سرخسیؒ نے بھی وحی ظاہر کی دوسری قسم بتایا ہے لیکن علامہ بزدویؒ کی بیان کردہ وحی ظاہر کی تیسری قسم کو علامہ سرخسیؒ نے وحی باطن کہا ہے۔ فرماتے ہیں:

''والآخر مـا يتـضـح له باشارة الـملك من غير بيان بكلام ، و إليه أشـار رسول الله صلى الله عليه وسلم في قوله : [إن روح القدس نفث في

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



روعـي أن نـفسـالـن تـمـوت حتـى تستـو فـي رزقها ، فاتقوا الله واجملوا في الطلـب ] والـوحـي الـبـاطـن هو : تاييد القلب على وجه لا يبقى فيه شبهة ولا مـعـارض ولا مـزاحـم ، وذلـك بـأن يـظـهـر لـه الـحـق بنور في قلبه من ربه يتضح له حكم الحادثة به ، و إليه أشارالله تعالىٰ بقوله (لتحكم بين الناس بما ارٰك الله) و هذا كله مقرونا بالابتلاء ، و معنى الابتلاء هو: التأمل بقلبه فـي حقيقتـه حتى يظهر له ما هو المقصود، و كل ذلـك خاص لرسول الله تثبت به الحجة القاطعة''(۳۸)

علامہ بزدویؒ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اجتہادات کو وحی باطن کہا ہے۔ علامہ عبد العزیز بخاریؒ ''کشف الاسرار'' میں شرح فرماتے ہوئے رقمطراز ہیں:

''قـولـه : (و أمـا الـوحـي الـبـاطـن ) فـكذا جعل الاجتهاد منه عليه السـلام وحيـاً بـاطـنا با عتبار المآل فإن تقريره عليه السلام على اجتهاده يدل على أنه هو الحق حقيقة كما إذا ثبت بالوحي ابتداء''(۳۹)

علامہ سرخسیؒ نے اجتہادات نبوی کو ''مشابھا للوحی'' کہا ہے۔فرماتے ہیں:

''وامـا مـا يشبـه الـوحـي في حق رسول الله صلى الله عليه وسلم فهـوا ستـنـبـاط الأحـكـام مـن النصو ص بالرأي والا جتهادفانما يكون من رسـول الله بهذا الطريق، فهو بمنزلة الثابت بالوحي لقيام الدليل على أنه يكون ثوابا لا محالة ، فانه كان لا يقر على الخطا فكان ذلـك منه حجة قاطعة ، و مثـل هـذا مـن الأ مةلا يجعل بمنزلة الوحي ، لأن المجتهد يخطىء و يصيب ، فقد علـم أنـه كان لرسول الله صلى الله عليه وسلم من صفة الكمال ما لا يحيط به إلاالـلـه ، فـلا شك أن غيـره لا يسـاويـه فـى اعـمـال الـرأي والا جتهـاد فـي الاحكام''(۴۰)

دونوں کا حاصل ایک ہی ہے کہ آپ کے اجتہادات بھی نتیجہ اور مآل کے اعتبار سے وحی ہیں۔اس لیے اگر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آپؐ کے اجتہاد میں کوئی خطا ہوئی تو فوراً وحی کے ذریعہ مطلع کر دیا جاتا ہے اور یہ کسی دوسرے مجتہد کے لیے نہیں ہو سکتا، قیامت تک وہ خطا پر برقرار رہ سکتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دوسرے مجتہدین کے برعکس خطا پر باقی رہنے سے من جانب اللہ معصوم ہیں۔

ملا جیون نے ''شرح نورالانوار علی المنار'' میں زیادہ وضاحت کے ساتھ اس کو بیان فرمایا ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

''فان كان أصاب في الرأي لم ينزل الوحي عليه في تلك الحادثة، وإن كان أخطأ في الرأي ينزل الوحي للتنبيه على الخطأ، وما تقرر على الخطأ قط بخلاف سائر المجتهدين فانهم إن أخطؤ وا يبقى خطؤهم إلى يوم القيامة، و هذا معنى قوله: (إلا أنه عليه السلام معصوم عن القرار على الخطأ بخالف ما يكون من غيره من البيان بالرأي) من مجتهدين الأمة، فانهم يقررون على الخطأ، ولا يعصمون عن القرار عليه'' (۴۱)

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اجتہاد اور رائے میں خطا واقع ہونے پر من جانب اللہ تنبیہ کی مثالیں کتب حدیث میں متعدد ہیں۔ علماءِ اصول نے اپنی کتب میں ان کو نقل فرمایا ہے۔ گویا اب آپ کے وہ تمام اجتہادات جن پر من جانب اللہ تنبیہ نازل نہیں ہوئی الٰہی تائید و توثیق کے حامل ہیں اور جن میں خطا واقع ہوئی، من جانب اللہ تنبیہ نے ان کی تصحیح فرما دی۔ اس لیے تمام نبویؐ اجتہادات مآل اور نتیجہ کے اعتبار سے وحی ہیں۔

علامہ بزدویؒ اور علامہ سرخسیؒ کی اس ساری بحث کا حاصل یہ ہے کہ سنت تمام کی تمام وحی ہے جو من جانب اللہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی گئی ہے۔ چاہے وحی ظاہر کی صورت میں ہو یا وحی باطن کی صورت میں ہو، یا علامہ سرخسی کے الفاظ میں '' مشابها للوحي '' کی صورت میں جو نتیجہ اور مآل کے اعتبار سے وحی ہے۔

قرآن حکیم ہی سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ جس طرح اللہ تعالیٰ نے نوع انسانی کی ہدایت کے لیے اپنا کلام اور قانون خود نازل فرمایا اسی طرح حق تعالیٰ نے اس کی شرح و بیان کی ذمہ داری بھی خود ہی لی۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس لیے کہ مخلوق اللہ تعالیٰ کے بتلائے بغیر الفاظِ الٰہی سے اس کی مرادات کو پالینے پر قادر نہیں ہو سکتی تھی۔ چنانچہ ابتدا میں نزولِ وحی کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وحی الٰہی کے الفاظ کو یاد رکھنے کے لیے بار بار دہراتے اور تکرار فرماتے تاکہ ذہن میں الفاظ وحی جم جائیں اور دورانِ قرأت ہی حرصِ علم کی بنا پر نبی اکرمؐ جبریل علیہ السلام سے معانی قرآن سے متعلق سوالات فرماتے۔ اللہ تعالیٰ نے تکرارِ لسانی اور دورانِ قرأت اسئلہ سے منع کرتے ہوئے فرمایا:

﴿لا تحرك به لسانك لتعجل به ان علينا جمعه و قرانه فاذاقرانه فاتبع قرانه﴾(۴۲)

ان آیات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تکرارِ لسانی سے روک کر کہ قرات جبریل علیہ السلام جو دراصل قرأت حق سبحانہٗ وتعالیٰ ہی کی صورت تھی، کو محض خاموشی کے ساتھ سنتے رہنے کی ہدایت فرمائی گئی۔ علامہ قرطبی فرماتے ہیں:

''فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد ذلك إذا أتاه جبريل عليه السلام استمع ، و اذا انطلق جبريل عليه السلام قرأة النبي صلى الله عليه وسلم كما أقرأه''(۴۳)

امام بخاریؒ اپنی کتاب جامع صحیح میں عبداللہ ابن عباس سے نقل فرماتے ہیں:

''فكان اذا أتاه جبريل أطرق ، فا ذا ذهب قرأة ''(۴۴)

اس ہدایت کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ نے تین امور کی ذمہ داری خود ہی لی۔

۱۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک میں قرآن کریم کا جمع و محفوظ ہونا۔

۲۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے ہر وقت قرآن کی صحیح ادائیگی۔

۳۔ قرآن کے معانی و مطالب کی تبیین و تفسیر۔

تمام مفسرین نے بالاتفاق اس بات کی وضاحت فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں قرآن کریم کے مطالب و معانی کی تفسیر و تبیین کی ذمہ داری خود ہی لی ہے۔

امام المفسرین ابن جریر الطبری ''ثم ان علينا بيانه '' کی تفسیر کرتے ہوئے فرماتے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں:

’’ثم ان علينا بيان ما فيه من حلاله و حرامه و أحكام لك مفصلة‘‘(۴۵)

پھر عبداللہ ابن عباسؓ سے اس آیت کی تفسیر نقل فرماتے ہیں:

’’عن ابن عباسؓ (ثم إن علينا بيانه) يقول :حلاله و حرامه، فذالك بيانه‘‘(۴۶)

اور حضرت قتادہؓ سے اس آیت کی تفسیر میں نقل فرماتے ہیں:

’’عن قتادہؓ (ثم إن علينا بيانه) بيان حلاله ، و اجتناب حرامه، و معصيته وطاعته‘‘(۴۷)

علامہ زمخشریؒ آیت مذکورہ نقل کرنے کے بعد اس کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

’’اذاأشكل عليك شيء من معانيه ، كأنه كان يعجل فى الحفظ و السؤال عن المعنى جميعا، كما ترى بعض الحراص على العلم‘‘(۴۸)

علامہ زمخشریؒ نے اس بات کی وضاحت بھی فرمادی کہ نبی کرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ تعجیل قرآن کے الفاظ اور معانی دونوں کے متعلق تھی۔

امام رازیؒ آیت مذکورہ کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

’’الآية تدل على أنه عليه السلام كان يقرأ مع قراء ة جبريل عليه السلا م و كان يسأل في أثناء قراء ته مشكلاته و معانيه لغاية حرصه على العلم ، فنهى النبى صلى الله عليه السلام عن أمرين جميعا ، أما عن القراء ة مع قراء ة جبريل فقوله (فاذا قرأ ناه فا تبع قرأنه ) و أما عن إلقاء الاسئلة فى البيان فيقوله (ثم إن علينا بيانه )‘‘(۴۹)

امام رازیؒ نے بھی علامہ زمخشریؒ کی تائید میں یہ بات فرمائی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کو تکرارِ لسان جو خدشہ نسیان کی بنا پر تھا اور دورانِ قرأت معانی و مشکلاتِ قرآنی سے متعلق سوالات جو حرصِ علم کی بنا پر تھے، دونوں امور سے منع کیا گیا اور دونوں کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے خود ہی لی ہے۔

امام رازیؒ پھر فرماتے ہیں:

"قوله تعالى (ثم إن علينا بيانه) يدل على أن بيان المجمل واجب على الله تعالىٰ"(۵۰)

امام ابوالسعودؒ فرماتے ہیں:

"أى بيان ما اشكل عليک من معانيه و أحكامه"(۵۱)

آٹھویں صدی ہجری کے مفسر و محدث و مؤرخ علامہ ابن کثیرؒ آیاتِ قرآنی (لا تحرك به لسانک لتعجل به ان علينا جمعه و قرآنه فاذا قرانه فاتبع قرانه ثم ان علينا بيانه) کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

"هذا تعليم من الله عزوجل لرسوله صلى الله عليه وسلم في كيفية تلقيه الوحي من الملک، فإنه كان يبادر إلى أخذه و يسابق الملک في قراءته، فأمره الله عزوجل إذا جاءه الملک بالوحي أن يستمع له وتكفل الله له أن يجمعه في صدره و أن ييسره لأدائه على الوجه الذى ألقاه إليه، و أن يبينه له و يفسره و يوضحه. فالحالة الأولى جمعه في صدره و الثانية تلاوته و الثالثة تفسيره و إيضاح معناه و لهذا قال تعالىٰ: (لا تحرك به لسانک لتعجل به) أى بالقرآن كما قال تعالىٰ (ولا تعجل بالقرآن من قبل أن يقضى إليک وحيه و قل رب زدنى علما) ثم قال تعالىٰ: (إن علينا جمعه) أي في صدرك (و قرانه) أي أن تقرأه (فا ذا قرأنه) أي اذا تلاه عليک الملک عن الله تعالىٰ: (فاتبع قرأنه) أي فاستمع له ثم اقرأه كما أقرأك (ثم إن علينا بيانه) أي بعد حفظه و تلاوته نبينه لک و نوضحه و نلهمک معناه على ما أردنا و

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



شرعنا‘‘(۵۲)

علامہ ابن کثیرؒ نے تو انتہائی وضاحت کے ساتھ فرمادیا کہ اللہ تعالیٰ نے ان آیات میں قرآن کریم کے سینہ اقدس میں جمع وحفاظت، زبان نبوی سے ادائیگی اور قرآن کے مطالب ومعانی کی تبیین وتفسیر وتوضیح کی ذمہ داری خود لی۔

علامہ ابن کثیر کا (ثم ان علینا بیانہ) کی تفسیر میں یہ فرمانا ’’أي بعد حفظه و تلاوته نبينه لك و نوضحه و نلهمك معناه على ما أردنا و شرعنا‘‘ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ قرآن کے معانی ومطالب اور ان کی تبیین وتفسیر من جانب اللہ رسول اللہؐ القا ہوئی تھی جس سے مرادات الٰہی اور احکام شرعیہ سے آپ واقف ہوئے۔

اس ساری تفصیل کا حاصل یہ ہے کہ قرآن کریم کے الفاظ کی طرح قرآن کریم کے معانی و بیان کی ذمہ داری بھی اللہ تعالیٰ نے خود لی ہے۔

قرآن کا یہ بیان ظاہر ہے کہ وہ قرآن سے کوئی علیحدہ چیز ہے کیونکہ اگر قرآن ہی کو قرآن کا بیان بتایا جائے تو پھر اس کے لیے بھی قرآن ہونے کی وجہ سے بیان کی ضرورت ہوگی اور یہ سلسلہ ایک غیر متناہی ہو جائے گا لہٰذا بیان قرآن خود قرآن سے الگ ہے پھر جس طرح خود قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا اسی طرح بیان قرآن بھی من جانب اللہ آپ پر بذریعہ وحی القا کیا گیا اسی بیانِ قرآن کا اصطلاحی نام ’’سنت‘‘ ہے۔ جس کی تعبیر حدیث کے لفظ سے بھی کی گئی۔ لیکن علماءِ اصول کے ہاں جیسا کہ پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ بطورِ اصلاح سنت ہی استعمال ہوتا ہے۔ مفسرین کا بیانِ قرآن کو منزل من اللہ بتانا اور علماءِ اصول کا سنت کو مبنی بر وحی کہنا ایک ہی حقیقت کی دو تعبیریں ہیں۔

نبی کرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود بھی اس بات کی وضاحت فرمائی کہ آپ کی بیان کردہ تفسیر و تبیین من جانب اللہ ہے اور وحی کی ایک قسم ہے جس کا ماخذ و مصدر وہی ہے جو وحی متلو کا ہے۔

’’وروى ابو داود عن المقدام بن معد يكرب عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال: ألا و انى قد أوتيت الكتاب و مثله معه ألا يوشك رجل شبعان على أريكته يقول عليكم بهذا القرآن فما وجدتم فيه من

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



حلال فأحلو و ما و جدتم فيه من حرام فحرموه ألا لا يحل لكم الحمار الأهلي ولاكل ذى ناب من السبع ولا لقطة معاهد إلا ان يستغنى صاحبها و من نزل بقوم فعليهم أن يقروه فان لم يقروه فله أن يعقبهم بمثل قراه''(۵۳)

اس حدیث میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ ''مجھے کتاب دی گئی ہے اور اس جیسی ایک اور چیز'' اس کی وضاحت علامہ خطابی اس طرح فرماتے ہیں:

''قوله ''أوتيت الكتاب و مثله معه'' يحتمل و جهين من التاويل: احدهما ۔ أن معناه أنه أوتى من الوحى الباطن غيرالمتلو ، مثلاً ما أعطى من الظاهر المتلو۔ والثانى ۔ أنه أوتى الكتاب و حياً يتلى، و ا وتى من البيان مثله ، أى أذن له أن يبين ما فى الكتاب فيعم و يخص و يزيد عليه و يشرع ما فى الكتاب ، فيكون فى وجوب العمل به و لزوم قبوله كالظاهر المتلو من القرآن''(۵۴)

علامہ ابن عبدالبر اندلسی قرطبی نے اپنی مشہور تصنیف ''جامع بیان العلم وفضلہ'' میں صحابہ وتابعین کے آثار سے اس بات کی وضاحت فرمائی ہے کہ صحابہ وتابعین سنت کو قرآنِ حکیم کا بیان وتفسیر سمجھتے تھے اور آپ کے اقوال وافعال کی اصل قرآنِ حکیم ہی کو جانتے تھے۔ ان میں چند آثار تحریر کیے جاتے ہیں۔

۱۔ ''عن علقمة أن امرأ ة من بنى أسد أتت عبدالله بن مسعود فقالت له انه بلغنى انک لعنت ذيت وَ ذيت والواشمة والمستوشمة وانى قرأت ما بين اللوحين فلم أحد الذى تقول و إنى لأظن على أهلک منها فقال لها عبدالله فادخلى فانظرى فدخلت فنظرت فلم ترشيئاً فقال لها عبدالله أما قرأت (وما اتاكم الرسول فخذوه وما نها كم عنه فانتهوا ) قالت بلى قال فهو ذاك''(۵۵)

۲۔ ''عن عبدالرحمن بن يزيد قال كان طاووس يصلى ركعتين بعد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



العصر فقال له ابن عباس اتركهما فقال انما نهى عنهما ان يتخذ سنة فقال ابن عباس قد نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صلاة بعد صلاة العصر فلا أدرى اتعذب عليهما أم تؤجر لأن الله تبارك وتعالىٰ قال (وما كان لمؤمن ولا مؤمنة اذا قضى الله و رسوله امرا أن يكون لهم الخيرة من امرهم)‘‘(۵۶)

مندرجہ بالا آیات و آثار اور دلائل و براہین سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نہ صرف الفاظِ قرآن پہنچا دینے پر مامور تھے بلکہ قرآن حکیم کی تعلیم و تبلیغ، تفسیر و تبیین اور تشریح و توضیح کا فریضہ بھی من جانب اللہ آپ کے ذمہ تھا۔ لہٰذا آپ قرآن حکیم کے سب سے پہلے مفسر و مبین اور شارح و مبلغ ہیں۔ آپ نے تفسیر و تبیین کبھی تو قرآنی احکام جو مجمل ہیں ان کی تفصیل فرما کر کی اور کبھی مشکل کی توضیح، عام کی تخصیص، مطلق کی تقیید بیان کر کے فرمائی۔ اسی طرح قرآنی الفاظ کی شرح فرما کر اور ناسخ و منسوخ کی وضاحت کر کے کی۔

علامہ ابن قیم ’’سنت قرآن کا بیان ہے‘‘ سے متعلق فرماتے ہیں:

’’أن البيان من النبى صلى الله عليه وسلم أقسام، أحدها: بيان نفس الوحى بظهوره على لسانه بعد ان كان خفيا۔ الثانى: بيان معناه و تفسيره لمن احتاج إلى ذلك كما بين أن الظلم المذكور فى قوله: (ولم يلبسوا إيمانهم بظلم)(الانعام: ۸۲) هو الشرك، و أن الحساب اليسير هو العرض، و أن الخيط الأبيض و الأسود هما بياض النهار و سواد اليل، و أن الذى رآه نزلة أخرى عند سدرة المنتهى هو جبريل، كما فسر قوله: (أو ياتى بعض آيات ربك)(الانعام: ۱۵۸) أنه طلوع الشمس من مغربها و كما فسر قوله: (مثلا كلمة طيبة كشجرة طيبة)(ابراهيم: ۲۴) بأنها النخلة، و كما فسر قوله: (يثبت الله الذين امنوا بالقول الثابت فى الحياة الدنيا و فى الآخرة)(ابراهيم: ۲۸) أن ذلك فى القبر حين يسأل من ربك و ما

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دينك، وكما فسر الرعد بانه ملك من الملائكة مؤكل بالسحاب، وكما فسراتخاذ أهل الكتاب احبارهم و رهبانهم أربابا من دون الله بأن ذلك باستحلال ما أحلوه لهم من الحرام و تحريم ما حرموه من الحلال، وكما فسر القوة التى أمرالله أن نعدها لأعدائه بالرمى، وكما فسر قوله: (من يعمل سوءا يجز به)(النساء:١٢٣) بأنه ما يجزى به العبد فى الدنيا من النصب والهم والخوف واللأذاء، وكما فسر الزيادة بأنهاالنظر إلى وجه الله الكريم، وكما فسر الدعاء فى قوله: (وقال ربكم ادعونى استجب لكم)(غافر:٦٠)بأنه العبادة، وكما فسر أدبار النجوم بأنه الركعتان قبل الفجر، و أدبار السجود بالركعتين بعد المغرب، و نظائر ذلك ـ الثالث: بيانه بالفعل كما بين أوقات الصلاة للسائل بفعله ـ الرابع: بيان ما سئل عنه من الاحكام التي ليست فى القرآن فنزل القرآن ببيانها، كما سئل عن قذف الزوجة فجاء القرآن باللعان و نظائره الخامس: بيان ما سئل عنه بالوحى و إن لم يكن قرانا، كما سئل عن رجل أحرم فى جبة بعد ما تضمخ بالخلوق، فجاء الوحى بأن ينزغ عنه الجبة و يغسل أثر الخلوق ـ السادس: بيانه للأحكام بالسنة ابتداء من غير سؤال، كما حرم عليهم لحوم الحمر والمتعة و صيد المدينة و نكاح المرأة على عمتها و خالتها و أمثال ذلك السابع: بيانه للأمة جواز الشيء بفعله هو له و عدم نهيهم عن التأسى به ـ الثامن: بيانه جواز الشيء باقراره لهم على فعله و هو يشاهده أو يعلمهم يفعلونه. التاسع: بيانه إباحة الشيء عفوا بالسكوت عن تحريمه و إن لم يأذن فيه نطقا. العاشر أن يحكم القرآن بإيجاب شيء أو تحريمه أو إباحته، و يكون لذلك الحكم شروط و موانع و قيود و أوقات مخصوصة و أحوال و أوصاف، فيحيل الرب سبحانه و تعالى على رسوله فى بيانها كقوله تعالى: (واحل لكم ما وراء ذالكم) (النساء: ٢٤)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فالحل موقوف على شروط النكاح و انتقاء موانعه و حضور وقته و أهلية المحل، فاذا جاء ت السنة ببيان ذلك كله لم يكن الشيء منه زائداً على النص فيكون نسخاًله، و ان كان رفعا لظاهر إطلاقه"(۵۷)

"سنت قرآن کا بیان ہے" سے متعلق علامہ شاطبی فرماتے ہیں:

"الوجه المشهور عند العلماء، كالأحاديث الآتية فى بيان ما أجمل ذكره من الأحكام، إما بحسب كيفيات العمل، أو أسبابه، أو شروطه، أو موانعه، أو لواحقه، أو ما أشبه ذلك، كبيانها للصلوات على اختلافها فى مواقيتها و ركوعها و سجودها و سائر أحكامها، و بيانها للزكاة فى مقاديرها و أوقاتها و نصب الأموال المزكاة و تعيين ما يزكى مما لا يزكى، و بيان أحكام الصوم وما فيه مما لم يقع النص عليه فى الكتاب۔ وكذلك الطهارة الحدثية و الخبثية والحج، والذبائح والصيد وما يؤكل مما لا يؤكل، والأنكحة وما يتعلق بها من الطلاق و الرجعة والظهار واللعان، والبيوع وأحكامها، و الجنايات من القصاص و غيره، كل ذلك بيان لما وقع مجملا فى القرآن۔ و هوالذى يظهر دخوله تحت الآيه الكريمة: (وانزلنا اليك الذكر لتبين للناس ما نزل اليهم)۔

"وقد روى عن عمران بن حصين أنه قال لرجل: إنك امرؤ احمق: أتجد فى كتاب الله الظهر أربعا لا يجهر فيها بالقراءة؟ ثم عدد إليه الصلاة و الزكاة و نحو هذا، ثم قال: أتجد هذا فى كتاب الله مفسرا؟ إن كتاب الله أبهم هذا، وإن السنة تفسر ذلك و قيل لمطرّف بن عبدالله بن الشخير: لا تحدثونها إلا بالقرآن فقال له مطرف: والله ما نريد بالقران بدلا، ولكن نريد من هو أعلم بالقرآن منا۔ وروى الاوزاعى عن حسان بن عطية قال: كان الوحى ينزل على رسول الله صلى الله عليه وسلم

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



و يحضره جبريل بالسنة التى تفسر ذلك ، قال الأوزاعى : ألكتاب أحوج إلى السنة من السنة إلى الكتاب۔ قال ابن عبد البر: يريد أنها تقضى عليه و تبين المراد منه ۔ و سئل أحمد بن حنبل عن الحديث الذى روى أن السنة قاضية على الكتاب، فقال: ما أجسر على هذا أن اقوله، ولكنى أقول أن السنة تفسر الكتاب و تبينه"(۵۸)

تفسیر وتبیین کی ایک قسم اخبار وقصص کی تشریح وتفصیل بھی ہے۔اللہ جل شانہ، نے قرآنِ حکیم میں عبرت وموعظت کے لیے جو اخبار وقصص بیان فرمائے ہیں ان میں سے بعض کی تفصیل احادیثِ صحیحہ میں ملتی ہے۔

جیسے کہ امام ترمذیؒ نے اپنی سنن کی کتاب التفسیر میں نقل فرمایا ہے:

"عن ابى هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم : فى قوله : (ادخلوا الباب سجدا) قال دخلوا متزحفين على اوراكهم ، و بهذا هذا الا سناد عن النبى صلى الله عليه وسلم (فبدل الذين ظلمواقولا غير الذى قيل لهم ) قال : قالوا حبة فى شعرة "(۵۹)

امام احمد بن حنبل کا مشہور ومعروف قول جو تفسیر کے باب میں بیان کیا جاتا ہے"ثلاث کتب لا اصل لها: المغازى ، والملاحم ، والتفسير" اس کا زیادہ تر تعلق قصص و اخبار ہی سے ہے کیونکہ قصص و اخبار سے متعلق مرفوع روایات صحیحہ کم ہیں۔ جہاں تک اوامر و نواہی اور احکام قرآنی کی تفصیل وتفسیر کا تعلق ہے تو ظاہر ہے کہ اس کا بہت بڑا حصہ سنتِ متواترہ ومشہورہ پر مشتمل ہے اور جن سے یقین حاصل ہوتا ہے امت کے تواتر وتعامل کی صورت میں محفوظ ہے اور جو اخبار احاد کی صورت میں ہے اس کا بھی بہت بڑا حصہ صحیح وحسن کی شرائط پر پورا اترتا ہے اور گمان غالب کا فائدہ دیتا ہے۔

اس ساری بحث کا حاصل یہ ہے۔

۱۔ قرآن کریم کے سب سے پہلے مفسر وشارح خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ اقدس ہے۔آپ کے سپرد یہ فریضہ اللہ تعالیٰ کی جانب سے کیا گیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۔ قرآن کریم کی نبوی تفسیر وتشریح ہی کا اصطلاحی نام حدیث وسنت ہے۔

۳۔ قرآن کریم کی طرح حدیث وسنت بھی نبی کریمؐ پر اللہ تعالیٰ کی جانب سے وحی کے ذریعہ نازل ہوئی ۔فرق یہ ہے کہ قرآن کریم کے الفاظ اور معانی دونوں کا نزول من جانب اللہ ہوا۔اس لیے اس کے الفاظ میں اعجاز بھی ہے اور شان تعبد بھی ہے اور اصطلاحاً اس کو وحی متلو کا نام دیا گیا ہے ۔جبکہ حدیث وسنت کے نزول کی صورت یہ تھی کہ مطالب و معانی کا القا نبی کریمؐ کے قلب اطہر پر من جانب اللہ ہوتا جن کو آپ اپنے الفاظ میں بیان فرماتے ۔اس لیے اصطلاحاً اس کو وحی غیر متلو کا نام دیا گیا کیونکہ اس کے الفاظ کی بعینہ تلاوت کا حکم نہیں دیا گیا۔

۴۔ حدیث وسنت جو کہ ''بیان قرآن'' ہے قرآن کی طرح من جانب اللہ ہے اس لیے اللہ تعالیٰ کی مرادات جو الفاظ قرآن میں پنہاں ہیں حدیث وسنت سے ہی معلوم ہوسکتی ہیں ۔کیونکہ کلام کی مرادات کو متکلم ہی بہتر بتا سکتا ہے۔

۵۔ قرآن کریم کی ہر وہ تفسیر وتعبیر جو حدیث وسنت کے خلاف ہوگی مردود ہوگی اس لیے کہ متکلم کی بیان کردہ مرادات کے منافی ہے۔

۶۔ گویا حدیث وسنت، جو قرآن کریم کی نبوی تفسیر وتشریح کا اصطلاحی نام ہے، وہ حصار ہے جس سے قرآن کریم تحریفِ معنوی سے ہمیشہ کے لیے محفوظ کر دیا گیا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حواشی وحوالہ جات

۱۔ القرآن۔ ۲۲/۲
۲۔ القرآن۔ ۴۴/۱۶
۳۔ القرآن۔ ۱۰۵/۴
۴۔ القرآن۔ ۶۷/۵
۵۔ القرآن۔ ۷/۵۹
۶۔ القرآن۔ ۱۳۲/۳
۷۔ القرآن۔ ۸۰/۴
۸۔ القرآن۔ ۳۱/۳
۹۔ القرآن۔ ۶۳/۲۴
۱۰۔ القرآن۔ ۳۲/۳
۱۱۔ القرآن۔ ۶۵/۴
۱۲۔ القرآن۔ ۳۶/۳۳
۱۳۔ شاطبی ، ابراھیم بن موسیٰ ، الموافقات فی اصول الشریعة.ج۳،ص۳۰۸ دارالکتب العلمیة ۔ بیروت ۔ لبنان
۱۴۔ جصاص ، ابو بکر احمد بن علی ،الفصول فی الا صول ۔ ج۳ ،ص ۲۳۵ وزارة الشؤن و الا وقاف ۔ کویت
۱۵۔ ایضاً
۱۶۔ ایضاً
۱۷۔ ابن حزم، ابو محمد علی ، الا حکام فی اصول الاحکام ۔ ج۱، الجزء الثانی۔ ص ۱۴۶

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دارالحدیث بجوار ادارة الازھر ۔ الطبعۃ الاولیٰ ۔ (۱۴۰۴ھ۔ ۱۹۸۴ء)

۱۸۔ ابن حزم، الاحکام فی اصول الاحکام ۔ ج ۱ ،ص ۲۴۱

۱۹۔ تفتازانی ،مسعود بن عمر۔شرح التلویح علی التوضیح ۔ ج ۲، ص ۳
دارالکتب العلمیۃ ۔بیروت ، لبنان ۔الطبعۃ الا ولیٰ (۱۴۲۲ھ۔۱۹۹۲ء)

۲۰۔ ابن حزم ،الاحکام فی اصول الاحکام ۔ج ۱، الجزء الا ول ،ص ۹۳

۲۱۔ القرآن ۔ ۴۴/۱۶

۲۲۔ المستصفیٰ ۔ج ۱، ص ۱۰۳ ۔ دارالکتب العلمیۃ ۔ بیروت ،لبنان ۔الطبعۃ الاولیٰ (۱۴۱۳ھ۔۱۹۹۳ء)

۲۳۔ شافعی ، محمد بن ادریس ۔الرسالہ ۔ ص۹۳

۲۴۔ ایضاً الرسالہ ۔ص۱۰۳

۲۵۔ سیوطی، جلال الدین ۔الا تقان فی علوم القرآن ۔ ج ۱۔ ص ۱۶۷۔
دارالکتاب العربی ۔ بیروت، لبنان الطبعۃ الاولیٰ (۱۴۱۹ھ۔۱۹۹۹ء)

۲۶۔ ایضاً

۲۷۔ ایضاً

۲۸۔ ایضا

۲۹۔ بزدوی ، علی بن محمد ۔ اصول بزدوی ،ص۲۲۹۔۲۳۰۔ میر محمد کتب خانہ کراچی ۱۹۹۵ء

۳۰۔ القرآن ۔۱۹/۸۱

۳۱۔ القرآن۔ ۱۰۲/۱۶

۳۲۔ القرآن۔ ۱۹۳/۲۶،۱۹۴

۳۳۔ القرآن۔۵۱/۴۲

۳۴۔ سرخسی ،محمد بن احمد ۔اصول السرخسی، ج ۳،ص۹۱۔ دار المعرفۃ، بیروت ،لبنان الطبعۃ الاولیٰ (۱۴۸۱ھ۔۱۹۹۷ء)

۳۵ القرآن۔ ۷۵/۱۶۔۱۸

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۳۶۔ القرآن۔۴۲/ ۵۱

۳۷۔ بخاری ، عبدالعزیز بن احمد۔کشف الاسرار۔ ج ۳، ص ۳۰۴۔دار الکتب العلمیة ،بیروت،لبنان

الطبعة الاولی(۱۴۱۸ھ۔۱۹۹۷ء)

۳۸۔ سرخسی ،محمد بن احمد ۔اصول السرخسی، ج۲، ص ۹۱

۳۹۔ بخاری، کشف الاسرار ۔ ج ۳، ص ۳۰۵

۴۰۔ سرخسی ،اصول السرخسی ۔ج ۲، ص ۹۱

۴۱۔ شرح نور الانوار علی المنار مع کشف الا سرار ۔ ج۲، ص ۱۶۸

۴۲۔ القرآن ۔۷۵/۱۶۔۱۸

۴۳۔ قرطبی، محمد بن احمد ۔الجامع لأ حکام القرآن ،ج۱۰،جزء ۱۹ ، ص۱۰۶، مکتبه الغزالی دمشق(س۔ن)

۴۴۔ بخاری ، محمد بن اسماعیل ۔الجامع الصحیح ۔ ج ۲ ۔ کتاب التفسیر، سورة القیامة ، ص ۱۳۵

۴۵۔ طبری ، محمد بن جریر ۔ جامع البیان ۔ج۱۴،ص۲۳۷ ۔ دارالفکر بیروت، لبنان۔ الطبعة الاولیٰ(۱۴۱۰ھ۔۱۹۹۵ء)

۴۶۔ ایضاً

۴۷۔ ایضاً

۴۸۔ زمخشری،محمود بن عمر۔الکشاف ۔ ج۴، ص ۶۶۱۔ دارالکتاب العربی بیروت ،لبنان۔ الطبعةالاولیٰ(۱۳۹۷ھ۔۱۹۷۷ء)

۴۹۔ رازی، فخرالدین ۔مفاتیح الغیب ۔ج۱۵، ص ۱۹۹۔ دار الکتب العلمیه بیروت ،لبنان(۱۴۵۱ھ۔۱۹۹۵ء)

۵۰۔ ایضاً مفاتیح الغیب ۔ج۱۵۔جزء ۳۰، ص ۱۹۹

۵۱۔ ابو سعود، محمد بن محمد ۔تفسیر أبی السعو دالمسمیٰ ارشاد د العقل السیلم الی مزایا القرآن الکریم۔جزء ۷

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ص ٦٧، دار احياء التراث العربی ۔ بیروت، لبنان (۱۴۱۱ھ۔ ۱۹۹۰ء)

۵۲۔ ابن کثیر، أبی الفداء اسماعیل ۔ تفسیر القرآن العظیم ، ج ۵، ص ۴۴۰ ۔
دار احیاء التراث العربی، بیروت ،لبنان ۔ الطبعة الاولیٰ (۱۴۴۰ھ۔ ۲۰۰۰ء)

۵۳۔ ابو دائود ، سلیمان بن اشعث۔ السنن ۔ باب فی لزوم السنة ج ۴،ص ۲۰۴۔
دارالجیل بیروت،لبنان(۱۴۲۱ھ۔۱۹۹۲ء)

ابن حبان ، ابو حاتم محمد ۔مرتب ،فارسی ، علی بن بلبان۔ الاحسان فی تقریب صحیح ابن حبان ۔ج ۱ ،ص۸۹مؤسسة الرسالة ، بیروت ،لبنان ۔الطبعة الاولیٰ (۱۴۰۸ھ۔۱۹۸۸ء)

۵۴۔ قرطبی، الجامع لا حکام القرآن ۔ج ۱ ،ص۳۸

۵۵۔ ابن عبد البر، جامع بیان العلم و فضله، ج ۲،ص ۱۸۸۔۱۸۹۔ دارالفکر بیروت، لبنان (۱۹۷۲ء)

۵۶۔ جامع بیان العلم و فضله ۔ج ۲ ،ص۱۸۸۔۱۸۹

۵۷۔ ابن قیم ،محمد بن ابو بکر۔ اعلام الموقعین ۔ج ۲ ،ص ۲۲۵۔۲۲۶۔
دارالکتب العلمیه بیروت ، لبنان الطبعةالثانیه (۱۴۱۴ھ۔۱۹۹۳ء)

۵۸۔ الموافقات ۔ ج ۴،ص۲۵۔۲۶

۵۹۔ ترمذی، محمد بن عیسیٰ ۔السنن ۔ج۵،ص۲۰۵۔مکتبه مصطفی البابی الحلبی و اولاد ه ، مصرالطبعةالثانیه(۱۳۹۵ھ۔۱۹۷۵ء)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ایک داعی الی اللہ کا موقف ہمیشہ داعی ہی کا موقف رہتا ہے، خواہ وہ دشمن کو مخاطب کر رہا ہو یا عزیز ترین فردِ خاندان کو، دعوت کا رنگ اس پر غالب رہے گا۔ اور داعی کی شان اس میں جھلکتی رہے گی خواہ صورت حال کچھ بھی ہو اور مخاطب جو بھی ہو اس کی زبان دعوت کی زبان ہوگی اس کے سامنے مقصد دعوت ہوگا اور ہمیشہ اسی نغمہ کا تار چھیڑتا رہے گا اور اندازِ بیان خواہ جو بھی ہو مگر اس کی نظر اس پر ہوگی کہ کس طرح دعوت کی بات دل میں اتار دے اور کس طرح دلوں کو قبول حق کے لیے تیار کرے، دعوت کے منافی جو بات ہوگی اس کو وہ ہاتھ نہیں لگائے گا۔

(تبلیغ و دعوت کا معجزانہ اسلوب۔ سید ابوالحسن علی ندوی)

© rasailojaraid.com